آپ کے اونٹاریو کوویڈ- 19ویکسین سرٹیفکیٹ کو آپ کے اپنے منتخب کردہ نام سے اپ ڈیٹ کرنا

یہ گائیڈ اونٹاریو کے ایسے رہائشیوں کے لیے ہے، جنہوں نے اپنے ہیلتھ کارڈ میں اپنے منتخب کردہ نام کو ابھی تک اپ ڈیٹ نہ کیا ہو، لیکن وہ اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ میں اپنا منتخب کردہ نام شامل کرنا چاہتے ہوں۔

چار آسان مراحل

1. اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کو کال کریں اور اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ پر اپنا نام اپ ڈیٹ کرنے کے حوالے سے ایک اپائنٹمنٹ بک کرنے کو کہیں۔ اونٹاریو میں پبلک ہیلتھ یونٹس کی فہرست اور ان کے رابطے کی معلومات تلاش کرنے کے لیے، براہ کرم پبلک ہیلتھ یونٹ لوکیٹر (gov.on.ca) پر جائیں۔
2. اپنی اپائنٹمنٹ کے وقت اپنی شناختی دستاویزات یا شناخت کی تصدیق کرنے والا کوئی خط ساتھ لائیں۔ اس دستاویز یا درج ذیل فہرست میں موجود ہر ایک میں یہ چیزیں لازمی شامل ہو نی چاہیں: نام، تاریخ پیدائش اور تصویر کی حامل ID۔
3. پبلک ہیلتھ یونٹ آپ کا نام کوویڈ-19 ویکسین سرٹیفکیٹ ڈیٹا بیس ($COVax_{ON}$) میں اپ ڈیٹ کر دے گا۔
4. اپنا اپ ڈیٹ شدہ سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ملاحظہ کریں:- http://www.ontario.ca/page/covid-19-vaccines

مدد کی ضرورت ہے یا سوالات ہیں؟

پرووینشل ویکسین کنٹیکٹ سنٹر کو 1-833-943-3900 پر کال کریں (ٹی ٹی وائی ان لوگوں کے لیے ہے، جو بہرے ہیں، سماعت کے نقائص ہیں یا گویائی سے محروم ہیں: **1-866-797-0007) جو 300 سے زیادہ زبانوں میں دستیاب ہے، پیر تا جمعہ (تعطیلات کو چھوڑ کر) صبح 8:30 تا شام 5:00 بجے تک۔ ایسٹرن ٹائم۔**

اپنے ساتھ کیا لانا ہو گا

آپ کے پاس اپنے منتخب کردہ نام کی حامل کم از کم ایک دستاویز لازمی موجود ہونی چاہیے۔ تمام IDs پر تاریخ پیدائش ایک ہی ہونی چاہیے، لیکن نام اور جنس مختلف ہو سکتی ہے۔ شناخت کی تصدیق کے مقاصد کے لیے میعاد ختم ہونے والی ID قبول کی جا سکتی ہیں۔

دستاویزات کی کئی شکلیں ہو سکتی ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں:

- ڈرائیورز لائسنس
- پیدائشی سرٹیفکیٹ
- اونٹاریو فوٹو کارڈ
- پاسپورٹ
- فرسٹ نیشن اسٹیٹس کارڈ/Métis سٹیزن شپ کارڈ یا Nunavut Tunngavik Inc - اندراج کارڈ
- رجسٹرڈ ڈاک کی کوئی چیز
- پے اسٹب
- اسٹوڈینٹ کارڈ
- لائبریری کارڈ
- کلب یا تنظیم کے ID کارڈ
- دیگر دائرہ اختیار سے جاری کردہ سرکاری شناختی دستاویزات، بشمول غیر ملکی پاسپورٹ، دیگر صوبائی یا علاقائی صحت کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس۔
- آپ کے پبلک ہیلتھ یونٹ، اور/یا کمیونٹی یا مقامی تنظیموں، اسکول یا میڈیکل پرووائیڈر کی جانب سے آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے والا خط

اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کے بعد

اگر آپ کو کینیڈا سے باہر سفر کی ضرورت ہو لیکن آپ نے اپنے پاسپورٹ کو اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ اپ ڈیٹ نہ کیا ہے، تو آپ اپنے پرانے IDs کے ساتھ سفر کر سکیں گے۔

اگر ایسا ہے تو، پروینشل ویکسین کانٹیکٹ سنٹر (PVCC) کو کال کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کے ویکسین سرٹیفکیٹ کو آپ کے سابقہ نام/ اونٹاریو ہیلتھ کارڈ پر موجود آپ کے نام کے ساتھ جاری کر دیں ۔ اس کے بعد، آپ اپنے سابقہ نام/اپنے اونٹاریو ہیلتھ کارڈ پر موجود نام والا ویکسین کا سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ جب آپ کینیڈا واپس آتے ہیں، تو اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ کو اپنے منتخب کردہ نام پر دوبارہ جاری کروانے کے لیے، PVCC کو دوبارہ کال کریں۔

ویکسینوں کے پرووائیڈرز، کلینکس، پبلک ہیلتھ یونٹس یا PVCC سے بات کرتے وقت، انہیں بتائیں کہ آپ نے اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ ویکسین کے سرٹیفکیٹ کو اپ ڈیٹ کر دیا ہے۔